# حیسکو پریس رلیز مورخہ :23.09.2026

## بجلی چوروں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن، نادہنگان کے خلاف بھی گھیرا تنگ

ایکسین قاسم آباد ظفر سولنگی کی سربراہی میں ایس ڈی او سٹیزن کالونی سب ڈویزن آفتاب احمد ڈہانی کی ڈی ایس یو کی مدد سے عبداللہ گارڈن اور فسادی واہ اور اس سے ملحقہ مختلف علاقوں میں کارروائی، 31 ٹرانسفارمر اور 1500 غیر قانونی کنکشن منقطع کرتے ہوئے بجلی چوروں کے خلاف متعلقہ تھانوں میں مقدمات کے لیے لیٹر جاری کر دیئے گئے جبکہ دوران کارروائی نادہندگان کے ذمہ 4 کروڑ روپے کے واجبات بھی سامنے آئے۔ حیسکو ترجمان۔







حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق ایکسین قاسم آباد ظفر سولنگی کی سربراہی میں ایس ڈی او سٹیزن کالونی سب ڈویزن آفتاب احمد ڈہانی کی ڈی ایس یو کی مدد سے عبداللہ گارڈن اور فسادی واہ اور اس سے ملحقہ مختلف علاقوں میں کارروائی، 31 ٹرانسفارمر اور 1500 غیر قانونی کنکشن منقطع کرتے ہوئے بجلی چوروں کے خلاف متعلقہ تھانوں میں مقدمات کے لیے لیٹر جاری کر دیئے گئے جبکہ دوران کارروائی نادہندگان کے ذمہ 4 کروڑ روپے کے واجبات بھی سامنے آئے، واضح رہے کہ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں واجبات کی 100 فیصد وصولی یقینی بنائیں اور صارفین اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری ادا کریں بصورت دیگر بجلی منقطع کی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے صارف کی گرفتاری عمل میں لائے جائے گی اور بجلی چوری کرنے والا ملک وقوم کا مجرم ہے لہٰذا کسی بھی صورت نہیں چھوڑا جائے گا، اس کے ساتھ ساتھ مختلف سب ڈویزنوں نے اپنے اپنے علاقوں میں بلوں کی ادائیگی کے لیے اعلانات کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کروائیں اور اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری طور پر ادا کریں بصورت دیگر رینجرز، پولیس اور حساس ادارے اس صارف کو پکڑے گے تو وہ خود اس ذمیدار ہوگا ہماری کاروائیاں بلاتفریق جاری ہیں اور بجلی چوری کے خاتمے تک جاری رہیں گے، بجلی چور ملک، قوم اور حیسکو کی ترقی میں رکاوٹ ہیں، عوام کھلی کچہریوں میں بھرپور آئیں اور اپنے جائز مسائل حل کرائیں، اسکے ساتھ عوام کو چاہیے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تاکہ بجلی کی فراہمی میسر ہو سکے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تاکہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جا سکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں تاکہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کر سکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا۔ آپ کے تعاون کے متمنی حیسکو۔